## آتش بازی سے جھلس کر زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے مزید دو کارکنان منصور خان، سرفراز خان اور ایک ہمدرد ساحل زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد انتقال کر گئے

کراچی ۔۔۔10، اکتوبر 2007ء۔۔۔ایم کیوایم کورنگی سیکٹر سے نکالی جانے والی ریلی میں آتشبازی کے سامان میں آتشزدگی کے نتیجے میں جھلس کر شدید زخمی ہونے والے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکنان منصور خان، سرفراز خان اور ایک ہمدرد ساحل زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد انتقال کر گئے (اناللہ وانا الیہ راجعون)۔صدر جنرل پرویز مشرف کی کامیابی کی خوشی میں نکالی جانے والی اس ریلی میں پیش آنے والے آتشزدگی کے واقعہ میں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے 21 کارکنان جھلس کر زخمی ہوئے تھے جن میں سے ایم کیوایم کورنگی کے 2 ہمدرد محمد صابر اور محمد نعمان پہلے ہی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے انتقال کر چکے ہیں ۔منصور خان کا تعلق یونٹ 77 سے تھا، ان کی عمر 35 سال تھی اور انہوں نے اپنے سوگواران میں بیوہ سمیت ایک بیٹا چھوڑا ہے۔اسی طرح سرفراز خان کا تعلق ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 سے تھا، مرحوم کی عمر 35 سال تھی ان کے سوگواران میں بیوہ سمیت 2 بچے شامل ہیں جبکہ اسی حادثے میں جاں بحق ہونے والے ایم کیوایم کے ہمدرد ساحل کا تعلق بھی کورنگی سیکٹر یونٹ 77 سے تھا ان کی عمر 12 سال تھی ۔انکے سوگواران میں والدین سمیت 7 بہنیں شامل ہیں ۔ایم کیوایم کے کارکنان منصور خان، سرفراز خان اور ہمدرد ساحل کو آج کورنگی نمبر ایک کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحومین کے جنازے میں رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عاصم رضا، صوبائی وزیر بلدیات محمد حسین، لانڈھی کے حق پرست ٹاؤن ناظم آصف حسنین، نائب ناظم ڈاکٹر ارشاد، ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی اور کورنگی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے منصور خان، سرفراز خان اور ہمدرد ساحل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## آتشزدگی کے واقعہ میں ایم کیوایم کے کارکنان سرفراز خان، منصور خان اور ہمدرد ساحل کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔10، اکتوبر 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ روز آتشزدگی کے واقعہ میں جھلس کر شدید زخمی ہونے والے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکنان منصور خان، سرفراز خان، ایک ہمدرد ساحل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) جناب الطاف حسین نے جھلس کر زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم لائینز ایریا سیکٹر کے کارکن ظہیر عباس علالت کے باعث انتقال کر گئے، الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔10، اکتوبر 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ لائینز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے کارکن ظہیر عباس علالت کے باعث انتقال کر گئے ۔مرحوم کی عمر 55 سال تھی۔انہوں نے اپنے سوگواران میں بیوہ سمیت 5 بیٹے چھوڑے ہیں ۔ظہیر عباس مرحوم کو گزشتہ روز ماڈل کالونی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کا سوئم مورخہ 12 اکتوبر کو بعد نماز جمعہ مسجد پنجتنی بلتستانی محلّہ ابی سینا لائن میں ہوگا۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ظہیر عباس کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔انہوں نے دعا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔10، اکتوبر 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائینز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے کارکن ظہیر عباس ، ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-66 کے بزرگ کارکن ظہیر کی ہمشیرہ محترمہ کشور کلیم اللہ، ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ یوسی شاہ سکندر آباد کے کارکن کمال الدین شر کے والد غلام فرید شر، ایم کیوایم جامشورو زون

یونٹB-2 کے یونٹ انچارج راشد شیخ کے والد عبدالمجید اور ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 67/B کے کارکن محمد عمران ضیاء کے والد مرتضیٰ خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے ۔

## ذمہ داران وکارکنان آئندہ انتخابات کی تیاریاں پوری سرگرمی کے ساتھ شروع کردیں ، انور عالم

## متعصب رہنماء ملک میں لسانیت کو فروغ دینے کی کوشش کررہے ہیں ۔ بابر غوری

## حق پرست سینٹرز ، ارکان اسمبلی وفاقی وصوبائی وزراء ، مشیران ٹاؤن ناظمین ، شعبہ جات کے ذمہ داروں سے خطاب

کراچی ۔۔۔10/ اکتوبر 2007ء ۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز ، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ، وفاقی وصوبائی وزراء ، مشیران ، سیکٹر انچارجز ، ٹاؤن ناظمین ، نائب ٹاؤن ناظمین اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داروں کا ایک اہم اجلاس منگل کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا ۔ اجلاس کی صدارت رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کی جبکہ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری بھی موجود تھے ۔ انور عالم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام ذمہ داران وکارکنان قائد تحریک الطاف حسین کی فکر ، مقصد ، مشن اور نظریہ کے مطابق آئندہ انتخابات کی تیاری پوری سرگرمی کے ساتھ شروع کریں کیونکہ آئندہ انتخابات نہ صرف انتہائی اہمیت کے حامل ہوں گے بلکہ یہ آئندہ کا سیاسی منظر نامہ بھی تبدیل کردیں گے تمام کارکنان وذمہ داران قائد تحریک الطاف حسین کی فکر ، مقصد اور پروگرام کو لیکر عوام سے رابطے کو زیادہ سے زیادہ مضبوط کریں اور ان تک ایم کیوایم کے پیغام کو پہنچائیں ۔ بابر خان غوری نے اپنے خطاب میں کہا کہ جیسے جیسے انتخابات نزدیک آرہے ہیں ویسے ویسے ہی بعض شر پسند سیاسی و مذہبی جماعتیں اور متعصب رہنماء ملک میں لسانیت کو فروغ دینے کی کوشش کررہے ہیں انکی جانب سے لسانیت کا اظہار ٹی وی کے پروگراموں ، اخباری بیانات ، کالموں اور تجزیوں میں کھل کر کیا جارہا ہے جس کا مقصد عوام میں نفرتوں کو بڑھانا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ذمہ داران وکارکنان اس حوالے سے الطاف حسین کے بیانات اور خطابات کو غور سے پڑھیں اور سمجھیں اور اسے عوامی رابطہ کے ذریعے عوام تک پہنچائیں یہ ذمہ داری انہیں ، انتہائی ذمہ داری اور خوش اسلوبی سے ادا کرنا ہوگی ۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رکن اشفاق منگی نے

## دعوت اسلامی کے مرکز فیضان مدینہ کا دورہ کیا

کراچی ۔۔۔10/ اکتوبر 2007ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی مشیر اشفاق منگی نے گزشتہ روز دعوتِ اسلامی کے عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کا دورہ کیا اور دعوت افطار میں شرکت کے بعد نماز مغرب ادا کی ۔ اس موقع پر ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی بھی انکے ہمراہ تھے ۔ نماز مغرب کے بعد دعوت اسلامی کی مجلس رابطہ کے ارکان مولانا محمد یعقوب عطاری ، مولانا عبدالقادر عطاری ، محمد رئیس عطاری ، محمد وسیم عطاری اور محمد عمران عطاری نے ایم کیوایم کے وفد کو اعتکافِ مجلس ، مدنی قافلہ مکتب ، خصوصی اسلامی بھائی ( گونگے بہرے ) اور مدنی انعامات کے مکتب کا دورہ کرایا اور ان کا تعارف کرایا ۔ اس موقع پر دعوت اسلامی کی مجلس رابطہ کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو کتاب ''فیضان رمضان'' کا تحفہ بھی پیش کیا ۔

## ایم کیوایم سانگھڑ زون یوسی مانک تھہیم کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔10/ اکتوبر 2007ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سانگھڑ زون یوسی مان تھہیم کے کارکن ماہی خان خاصخیلی کے بھائی فیض محمد خاصخیلی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔

☆☆☆☆☆